# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب


21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment


# پریس ریلیز

**محکمہ زراعت پنجاب ہائی ویلیو ایگریکلچر چین کی بہتری کے لئے 3ارب 20 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری منصوبہ کے تحت کاشتکاروں اور زرعی انڈسٹری کی فنی راہنمائی کے لئے زرعی نمائشوں کا انعقاد کر رہا ہے۔اسپشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) پنجاب وقار حسین کا محکمہ زراعت کے زیر اہتمام ضلع سرگودھا میں منعقدہ ایگریکلچر شو2022 کی اختتامی تقریب سے خطاب۔**

**اختتامی تقریب میں کمشنر سرگودھا ڈویژن نبیل جاوید کی خصوصی شرکت۔سٹالز لگانے والوں اور محکمہ زراعت کے افسران کونمایاں کارکردگی پر اعزازی شیلڈ سے نوازا گیا**

لاہور:28فروری2022(   ) محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام یونیورسٹی آف سرگودھا میں منعقدہ دوروزہ زرعی نمائش کے اختتامی روز منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسپشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) پنجاب وقار حسین نے کہا کہ ضلع سرگودھا میں اپنی نوعیت کا یہ میگا ایونٹ منعقد کرنے کا مقصد ہائی ویلیو ایگریکلچر کے درآمد و برآمد کنندگان، کاشتکاروں و دیگر اسٹیک ہولڈرز کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا جس سے کاشتکاروں اور انڈسٹری کے مابین روابط میں مزید بہتری آئے اور کاشتکار پھلوں وسبزیات کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے متعلق آگاہی حاصل کرسکیں۔انھوں نے مزید کہا کہ یہ زرعی نمائش ان کاوشوں کا ایک سلسلہ ہے۔نمائش میں مقامی وملکی زرعی مصنوعات‘انڈسٹری‘زرعی مشینری‘ پھل اور سبزیوں کے سٹال لگائے گئے تا کہ ہائی ویلیو ایگریکلچر چین کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی اور ہماری زرعی برآمدات میں اضافہ ہوسکے گا۔اس نمائش سے نہ صرف کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی حاصل ہوگی اور زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ہائی ویلیو ایگریکلچر چین میں بہتری کے لئے محکمہ زراعت پنجاب 3ارب 20 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری منصوبہ کے تحت اب تک سرگودھا، چنیوٹ، منڈی بہاؤالدین اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے باغبانوں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی اور عملی تربیت فراہم کی گئی ہے۔اس منصوبہ کے تحت سٹرس انڈسٹری (پروسیسنگ یونٹس) کو بھی سپورٹ فراہم کی گئی ہے تا کہ ان کی سٹورتیج اور ویلیو ایڈیشن کی صلاحیت کو بہتر بنایا جاسکے۔اس کے علاوہ زرعی نمائشوں کا انعقاد بھی کیا جارہا ہے تا کہ ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ کیا جاسکے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کمشنر سرگودھا ڈویژن نبیل جاوید نے کہا کہ ایگریکلچر شو2022 کو بجا طور پر ضلع سرگودھا کا اپنی نوعیت کا بزنس ٹو بزنس ایونٹ قرار دیا جاسکتا ہے۔اس نمائش سے کاشتکاروں، پروسیسرز اور برآمدکنندگان کیلئے قومی سطح پر رابطہ کاری کے وسیع مواقع کی فراہمی کے علاوہ پاکستانی زرعی مصنوعات کی ترقی اور فروغ کے امکانات وسیع طور پر موجود تھے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی پروفیسر سلیم مظہر نے کہا کہ ایسی زرعی نمائشوں سے طلبہ وطالبات کو سیکھنے کے مواقع حاصل ہوتے ہیں اور ان پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔تقریب میں محکمہ زراعت کے افسران اور کاشتکاروں و دیگر اسٹیک ہولڈرز کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔زرعی نمائش کے اختتام پر سٹالز لگانے والوں اور محکمہ زراعت کی نمایاں کارکردگی والے افسران کو اعزازی شیلڈ سے نوازا گیا۔

☆☆☆☆☆